سوال

(440) نفاس والی عورت کا ایک ہفتے میں رمضان سے پاک ہونا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بیوی کے ہاں رمضان المبارک سے ہفتہ پہلے ولادت ہوئی، اور رمضان سے پہلے وہ پاک بھی ہوگئی، توکیا اس کے روزے صحیح ہیں یا اسے ان کی قضا دینی ہوگی؟ اہلیہ کا کہنا ہے کہ اس نے بحالت طہر روزے رکھے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر معاملہ ایسے ہی ہے جیسے کہ بیان ہوا ہے کہ آپ کی اہلیہ رمضان المبارک میں طہر سے تھی اور اس نے روزے رکھے ہیں تو یہ بالکل ٹھیک اور درست ہیں، اس کے ذمے کسی قسم کی قضا نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 350

محدث فتویٰ